PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کی جانب سے ایشیا کپ جیتنے والی پاکستان وہیل چیئر کرکٹ ٹیم کے لیے 36 لاکھ روپے انعام

لاہور 13 دسمبر، 2023ء:

پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین ذکا اشرف نے نیپال میں منعقدہ ٹی ٹوئنٹی وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ کی فاتح پاکستان وہیل چیئر ٹیم کو 36 لاکھ روپے کا نقد انعام دیا ہے۔

پاکستان وہیل چیئر کرکٹ ٹیم نے آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہیل چیئر کرکٹ ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی کپ میں لگاتار دوسری مرتبہ چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔
پی سی بی کھیل کے ایک اہم حصے کے طور پر اس کامیابی کو نہ صرف سراہتا ہے بلکہ ان تمام صلاحیتوں کے حامل افراد کو سپورٹ بھی کرتا ہے۔

اس موقع پر ذکا اشرف نے چیئرپرسن پاکستان وہیل چیئر کرکٹ رخسانہ راجپوت، منیجر زوار نور، اسسٹنٹ منیجر جاوید بابر اور کپتان محمد ذیشان سمیت فاتح اسکواڈ کو سراہا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین ذکا اشرف نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایشیا کپ جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ہم آپ تمام کھلاڑیوں اور وہیل چیئر کرکٹ منیجمنٹ پر فخر محسوس کرتے ہیں جنھوں نے یہ کارنامہ انجام دیا۔ آپ تمام لوگ بے پناہ صلاحیتوں کے مالک ہیں اور دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں۔

ذکا اشرف نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پاکستان وہیل چیئر کرکٹ ٹیم کو زیادہ گراؤنڈز اور ٹریننگ کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر نے کہا کہ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی طرف سے وہیل چیئر ٹیم کو مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ آپ پاکستان کے سفیر ہیں اور ہمیں اس بات پر بہت زیادہ خوشی ہے کہ آپ نے اپنی حوصلہ مندی اور مہارت کا ثبوت پیش کرتے ہوئے ایشیا کپ کے ٹائٹل لگاتار دو مرتبہ جیتے ہیں۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial